فتاویٰ رضویہ کا فصاحت و بلاغت سے آراستہ و مزین منفرد خطبہ عربی مع ترجمہ ملاحظہ کیجیے!

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

نَحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الحمد للہ ھو الفقہ الاکبر ÷ والجامع الکبیر لزیادات فیضہ المبسوط الدرر والغرر ÷ بہ الھدایۃ ÷ ومنہ البدایۃ ÷ والیہ النھایۃ ÷ بحمدہ الوقایۃ ÷ ونقایۃ الدرایۃ ÷ وعین العنایۃ ÷ وحسن الکفایۃ ÷ والصّلاۃ والسلام علی الامام الاعظم للرسل الکرام ÷ مالکی وشافعی احمد الکرام ÷ یقول الحسن بلا توقف ÷ محمد الحَسَنُ ابویوسف ÷ فانہ الاصل المحیط ÷ لکل فضل بسیط ÷ ووجیز ووسیط ÷ البحر الزخار ÷ والدر المختار ÷ وخزائن الاسرار ÷ وتنویر الابصار ÷ ورد المحتار ÷ علی منح الغفار ÷ وفتح القدیر ÷ وزاد الفقیر ÷ وملتقی الابحر ÷ ومجمع الانھر ÷ وکنز الدقائق ÷ وتبیین الحقائق ÷ والبحر الرائق ÷ منہ یستمد کل نھر فائق ÷ فیہ المنیۃ ÷ وبہ الغنیۃ ÷ ومراقی الفلاح ÷ وامداد الفتاح ÷ وایضاح

BazmETauseefRazaPakistan

الاصلاح ÷ ونور الایضاح ÷ وکشف المضمرات ÷ وحل المشکلات ÷ والدر المنتقی ÷
وینابیع المبتغی ÷ وتنویر البصائر ÷ وزواھر الجواھر ÷ البدائع النوادر ÷ المنزہ وجوباعن
الاشباہ والنظائر ÷ مغنی السائلین ÷ ونصاب المساکین ÷ الحاوی القدسی ÷ لکل کمال
قدسی وانسی ÷ الکافی الوافی الشافی ÷ المصفی المصطفی المستصفی المجتبی المنتقی
الصافی ÷ عُدۃ النوازل ÷ وانفع الوسائل ÷ لاسعاف السائل ÷ بعیون المسائل ÷ عمدۃ
الاواخر وخلاصۃ الاوائل ÷ وعلیٰ اٰلہٖ وصحبہٖ ÷ وحزبہ ÷ مصابیح الدّجی ÷ ومفاتیح
الھدی ÷ لاسیما الشیخین الصاحبین ÷ الاٰخذین من الشریعۃ والحقیقۃ بکلا الطرفین ÷
والختنین الکریمین ÷ کل منھا نور العین ÷ ومجمع البحرین ÷ وعلیٰ مجتھدی ملتہ ÷
وائمۃ امتہ ÷ خصوصا الارکان الاربعۃ ÷ والانوار اللامعۃ ÷ وابنہ الاکرم ÷ الغوث
الاعظم ÷ ذخیرۃ الاولیاء ÷ وتحفۃ الفقھاء ÷ وجامع الفصولین ÷ فصول الحقائق والشرع
المھذب بکل زین ÷ وعلینا معھم ÷ وبھم ولھم ÷ یاارحم الرحمین ÷ اٰمین اٰمین ÷
والحمدللہ رب العٰلمین ÷

ترجمہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔

ہم اس کی حمد کرتے اور اس کے کرم والے رسول پر درود بھیجتے ہیں سب خوبیاں خدا کو ہیں یہی
سب سے بڑی فقہ ودانشمندی ہے اور اللہ تعالیٰ کے فیض کشادہ کی افزائشیں کہ نہایت روشن موتی

BazmETauseefRazaPakistan

ہیں اُن کے لیے بڑی جامع ہے، اللہ ہی سے آغاز ہے اور اسی کی طرف انتہا، اسی کی حمد سے حفظ ہے اور عقل کی پاکیزگی اور عنایت کی نگاہ اور کفایت کی خوبی، اور درود و سلام ان پر جو تمام معزز رسولوں کے امام اعظم ہیں، میرے مالک اور میرے شافع احمد کمال کرم والے، حسن بے توقف کہتا ہے کہ حسن والے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم یوسف علیہ الصّلوٰۃ والسلام کے والد ہیں کیونکہ وہی اصل ہیں جو ہر فضیلت کبیرہ و صغیرہ و متوسط کو محیط ہیں، نہایت چھلکتے دریا ہیں اور چُنے ہوئے موتی، اور رازوں کے خزانے، اور آنکھیں روشن کرنے والے، اور حیران کو اللہ غفار کی عطاؤں کی طرف پلٹانے والے، قادر مطلق کی کشائش ہیں، اور محتاجوں کے توشے، تمام کمالات کے سمندر انہیں میں جا کر ملتے ہیں اور سب خوبیوں کی نہریں انہیں میں جمع ہیں، باریکیوں کے خزانے ہیں، اور تمام حقائق کے روشن بیان، اور خوشنما صاف شفاف سمندر کہ ہر فوقیت والی نہر انہیں سے مدد لیتی ہے، انہیں میں آرزو ہے اور انہیں کے سبب باقی سب سے بے نیازی، اور مراد پانے کے زینے اور تمام ابواب خیر کھولنے والے کی مدد، اور آراستگی کی روشنی، اور اس روشنی کے لئے نور، اور غیبوں کا کھلنا، اور مشکلوں کا حل ہونا، اور چُنا ہُوا موتی، اور مراد کے چشمے، اور دلوں کی روشنیاں، اور نہایت چمکتے جواہر عجب و نادر، وہ مثل و نظیر سے ایسے پاک ہیں کہ ان کا مثل ممکن نہیں، سائلوں کو غنی فرمانے والے ہیں، اور مسکینوں کی تونگری، ہر کمال ملکوتی و انسانی کے پاک جامع ہیں، تمام مہمات میں کافی ہیں، بھرپور بخشنے والے، سب بیماریوں سے شفا دینے والے، مصفی برگزیدہ پاکیزہ چُنے ہوئے، ستھرے صاف، سب سختیوں کی دقت کے لئے ساز و سامان ہیں،

BazmeTauseefRazaPakistan

سائل کو نہایت عمدہ منہ مانگی مرادیں ملنے کے لئے سب سے زیادہ نفع بخش وسیلے ہیں، پچھلوں کے تکیہ گاہ اور اگلوں کے خلاصے، اور ان کے آل واصحاب اور ازواج و گروہ پر درود و سلام جو ظلمتوں کے چراغ اور ہدایت کی کنجیاں ہیں، خصوصاً اسلام کے دونوں بزرگ مصطفی کے دونوں یار کہ شریعت و حقیقت دونوں کناروں کے حاوی ہیں، اور دونوں کرم والے شادیوں کے سبب فرزندی اقدس سے مشرف کہ اُن میں ہر ایک آنکھ کی روشنی اور دونوں سمندروں کا مجمع ہے، اور ان کے دین کے مجتہد ولی امت کے اماموں پر خصوصاً شریعت کے چاروں رکن چمکتے نور، اور ان کے نہایت کریم بیٹے غوثِ اعظم پر کہ اولیاء کے لئے ذخیرہ ہیں، اور فقہا کے لئے تحفہ، اور حقیقت اور وہ شریعت کہ ہر زینت سے آراستہ ہے دونوں کی فصول کے جامع، اور ہم سب پر اُن کے ساتھ ان کے صدقہ میں اُن کے طفیل اے سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان سن لے قبول کر۔

_انتخاب و پیش کش: مشاہد رضوی

#100thUrsOfAalahazrat

BazmETauseefRazaPakistan